مطبوعات

اقبال اور احیائے دین تالیف جناب خالد علوی صاحب، استاذ شعبۂ علومِ اسلامیہ، جامعہ پنجاب لاہور
ناشر: المکتبۃ العلمیہ لیک روڈ، لاہور۔ صفحات ۹۲ قیمت ۲ روپے ۱۰ پیسے

تجدید و احیائے دین کا سب سے اہم مسئلہ یہ ہے کہ کس طرح کسی دین و مذہب کے افسردہ چراغ کو اس طرح پھر سے روشن کیا جائے کہ اُس کی لو میں بھی کوئی فرق نہ آنے پائے اور اس سے عہدِ حاضر کے در و دیوار اس انداز سے تابندہ کیے جائیں کہ دیکھنے والی آنکھ یہ نہ کہہ سکے کہ یہ کسی ٹمٹماتے چراغ کے سائے ہیں۔ تجدید و احیائے دین کی طویل تاریخ اس حقیقت کی شہادت پیش کرتی ہے کہ جن حضرات نے اس میدان میں کام کیا ہے اُن میں سے ایک اچھی خاصی تعداد خلوص نیت کے باوجود اس فرض کو کما حقہٗ انجام نہیں دے سکی۔ اس میں سے ایک طبقے نے تجدّد اور تجدید میں جو واضح امتیاز ہے، اُسے نظر انداز کیا اور دین کو وقت کے غالب تہذیبی رجحانات کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی۔ اس غلط طرزِ فکر نے بالآخر الحاد کے لیے راستہ ہموار کیا۔ دوسرے طبقے نے وقت کے تقاضوں کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے احیائے دین کے لیے جد و جہد کی۔ اس طرزِ فکر کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ لوگ نئے افکار و نظریات سے متاثر لوگوں کی عظیم اکثریت کو اس جہاد میں اپنے ساتھ شامل کرنے میں ناکام رہے۔

علامہ محمد اقبال ان معدودے چند خوش نصیب مفکرین میں سے ہیں جنہوں نے ایک طرف تو اسلامی تعلیمات کو بغیر کسی تاویل و تعبیر کے اُسی طرح قبول کیا جس طرح کہ انہیں شارع علیہ السلام نے پیش فرمایا تھا اور دوسری طرف عہدِ حاضر کے تہذیبی رجحانات کی فکری لغزشوں کی بڑے عالمانہ انداز میں نشاندہی کر کے ان کے طلسم کو توڑا اور مسلمانوں خصوصاً ان کی نوخیز نسلوں کے ذہنوں میں مغربی افکار کے بارے میں جو مرعوبیت پائی جاتی تھی، اُسے ختم کر کے اُن کے اندر اسلام کے بارے میں اعتماد اور ایقان پیدا کیا۔

پروفیسر خالد علوی نے علامہ مرحوم کی اس مساعی کا نہایت اچھے انداز میں جائزہ لیا ہے اور علامہ

اقبال مرحوم کی تعلیمات کی روشنی میں احیائے دین کے خطوط متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اگرچہ مختصر ہے مگر بڑی جاندار اور فکر انگیز ہے اور مصنّف کے وسعتِ مطالعہ، اقبال فہمی اور خلوص کی ہر لحاظ سے آئینہ دار ہے۔ کتاب کا پیش لفظ نامور ادیب اور مفکر ڈاکٹر سید محمد عبداللہ نے لکھا ہے۔

کتاب نہایت سلیقے سے عمدہ ٹائپ پر شائع کی گئی ہے۔

الکمل (بزبانِ انگریزی) سائنس اور اسلام تالیف جناب ریاض الحسن صاحب نوری ایم۔اے۔ شائع کردہ دارالفکر اچھرہ لاہور۔ قیمت پچاس پیسے۔ صفحات ۲۴۔

دارالفکر نے اسلامی تعلیمات کی نشر و اشاعت کے لیے جو قیمتی کتابچے شائع کیے ہیں اُن میں یہ کتابچہ بڑا قابلِ قدر ہے۔ اس میں فاضل مصنّف نے خمر کی ضرر رسانیوں اور تباہ کاریوں کے متعلق نہایت مستند معلومات جمع کی ہیں۔ اس کا تعارف ملک کے معروف ڈاکٹر واسطی پروفیسر کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج، لاہور نے لکھا ہے۔

اسلامی نظامِ معیشت کے چند اصول تالیف مولانا نور محمد اعظمی صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ المعارف فرید آباد۔ ڈھاکہ ۴۔ قیمت ایک روپیہ۔ صفحات ۹۴۔

اس کتاب کے فاضل مصنف کسی تعارف کے محتاج نہیں، اُن کی عمر کا بیشتر حصّہ دینی مدارس میں تفسیر و حدیث پڑھانے میں گزرا ہے۔ اس کتاب کے دیباچہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مشکوٰۃ المصابیح پڑھاتے ہوئے جب وہ کتاب الزکوٰۃ پر پہنچے تو انہیں یہ خیال پیدا ہوا کہ وہ اس حصّے کو جدید معاشی مسائل کی روشنی میں شرح و بسط سے مرتب کر دیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب اُن کے اس مقدس ارادے کی تکمیل ہے۔ یہ کتاب پہلے بنگلہ میں لکھی گئی، پھر اس کا ترجمہ کر کے اُسے ماہنامہ البلاغ کراچی میں شائع کروایا گیا اور اب مصنف کی نظرِ ثانی کے بعد اسے ادارہ المعارف ڈھاکہ نے کتابی صورت میں شائع کیا ہے۔

کتاب مختصر ہونے کے باوجود علمی اعتبار سے بڑی وقیع ہے۔ معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے۔